13937-کیا اپنی زکاۃ مقروض ماموں کے دے دے، اور کیا ایسے اس کی خبر دے یا نہیں؟

سوال

بنک میں میری کچھ رقم جمع ہے، اور اس کی زکاۃ نکالنے کا وقت آ گیا ہے، اور میرے ماموں مقروض ہیں، اور وہ قرض کی ادائیگی کی استطاعت نہیں رکھتے، تو کیا میرے لیے اپنی زکاۃ انہیں دینی جائز ہے تا کہ وہ اپنا قرض ادا کر سکیں؟ کیا میں انہیں زکاۃ دے سکتا ہوں؟

دوم: کیا میں ان کے علم میں لائے بغیر زکاۃ کا مال انہیں دے سکتا ہوں؟

پسندیدہ جواب

جب آپ کے ماموں فقیر اور محتاج ہیں اور وہ زکاۃ کے مستحقین میں شمار ہوتے ہوں تو پھر آپ اپنے مال کی زکاۃ انہیں دے سکتے ہیں، اور اس میں یہ شرط نہیں کہ آپ ان کے علم میں لائیں.

لیکن اگر آپ کو ان کے حالات کے بارہ میں اچھی طرح معلومات نہیں ہیں تو پھر آپ انہیں ضرور بتائیں کہ یہ مال زکاۃ کا ہے تا کہ اگر وہ زکاۃ کے مستحق نہیں تو وہ زکاۃ لینے سے بچ سکیں.